سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# والدین کے 3 حقوق

قسط اول

23 جون 2025



# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان:5منٹ (2): دُعا یاد کرنا:5منٹ (3): جائزہ:5منٹ۔ کُل دورانیہ:15منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں والدین کے 3 حقوق قسط اول سکھائے جائیں گے اور کفر و فقر سے پناہ کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ اور آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ بھی لیا جائے گا۔ اِنْ شآءَ اللّٰہُ الکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم: مجھ پر دُرُود شریف پڑھو، اللہ پاک تم پر رحمت بھیجے گا۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## والدین کے 3 حقوق قسط اول

### آیتِ مبارکہ

وَ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا (پارہ:2، البقرہ:83) | تَرْجَمۂ کَنْزُالْعِرْفَان: اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو۔

### فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

پیارے آقا مکی، مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: والدین کی نافرمانی سے بچو! بیشک جنت کی خوشبو ایک ہزار سال کی دُوری سے سونگھی جاسکتی ہے۔ خدا کی قسم... ! والدین کا نافرمان اس کی خوشبو تک نہ پاسکے گا۔[2]

### والدین کے 3 حقوق

پیارے اسلامی بھائیو! اللہ و رسول نے ہمیں والدین کے ساتھ نیکی اور بھلائی کا حکم دیا ہے۔ یہ جنّت میں لے جانے والا عمل ہے۔ آیئے! والدین کے 3 حقوق سیکھتے ہیں:

---

1 ... جامع صغیر، صفحہ:310، حدیث:5032۔

2 ... معجم اوسط، جلد:4، صفحہ:187، حدیث:5664۔

## پہلا حق : اطاعت و فرمابرداری

**وضاحت:** اَمّی اَبُّو کی ہر جائِز بات ماننا فرض ہے۔[1] لہٰذا ماں باپ کسی بات کا حکم دیں یا کسی بات سے منع کریں تو فوراً اُن کی بات مان لیا کیجئے! اَدَب اسی میں ہے کہ روزمرّہ کے چھوٹے موٹے کاموں میں بھی ان کی فرمانبرداری کی جائے، مثلاً: ❁ امی جان نے بازار سے کچھ لانے کا فرمایا، فوراً لا دینا ❁ بعض دفعہ پانی باہَر سے بھر کر لانا پڑتا ہے، یہ بھر لانے کا فرمادیا، تو بھر لانا ❁ حکم دیا کہ موبائل مت چلاؤ! تو مت چلایئے! ❁ حکم ہوا: جلدی سو جاؤ! تو جلدی سو جایئے! غرض؛ ماں باپ اُٹھنے کا فرمائیں تو بندہ اُٹھ جائے، بیٹھنے کا فرمائیں تو بندہ بیٹھ جائے۔ یُوں ہر ہر بات میں ان کی فرمانبرداری کی جائے۔ اسی میں ادب ہے، یہی ضروری ہے۔ اگر ہمارے بات نہ ماننے کے سبب اُن کا دِل دُکھ گیا تو **مَعَاذَ الله!** اللہ پاک ناراض ہو سکتا ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے: جس نے اس حال میں شام کی کہ ماں باپ کے بارے میں اللہ پاک کی نافرمانی کرتا ہے، اس کے لئے جہنّم کے 2 دروازے کھل جاتے ہیں۔[2]

**نوٹ:** ماں باپ کسی ناجائِز کام کا حکم دیں تو اس میں ان کی اطاعت جائِز نہیں کیونکہ اللہ و رسول کا حق ماں باپ سے زیادہ ہے۔ البتہ اس صُورت میں بھی ان کی بے ادبی کی اجازت نہیں ہوگی، مثلاً ماں باپ داڑھی منڈانے کا فرمائیں تو ان سے لڑائی، جھگڑا نہ کریں، ادب کے ساتھ معذرت کر لیں یا خاموشی اختیار فرمائیں۔

## دوسرا حق : والدین کو راضی رکھنا

**وضاحت:** فتاویٰ رضویہ شریف میں ہے: ماں باپ کو راضِی رکھنا واجب اور ناراض کرنا حرام ہے۔ ایک جگہ اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں: ناراض اور راضی کرنا ان کے واضح حکم کے ساتھ خاص نہیں[3]

---

1 ... فتاوی رضویہ، جلد:21، صفحہ:157، بتغیر قلیل۔

2 ... شعب الایمان، باب فی بر الوالدین، جلد:6، صفحہ:206، حدیث:7916۔

3 ... فتاوی رضویہ، جلد:10، صفحہ:679، ملخصًا ۔

(یعنی اگر والدین نے حکم نہ بھی دیا ہو، لیکن معلوم ہو کہ فُلاں کام کرنے سے وہ ناراض ہوں گے تب بھی اس کام سے بچنا ضروری ہو گا)۔ اب ہر کوئی غور کرلے کہ ہمارے کس کام سے ماں باپ کو تکلیف ہوتی ہے، کس سے نہیں ہوتی، مثلاً ❁ بیٹا سگریٹ پیتا ہے، ماں باپ کو اس سے تکلیف ہوتی ہے، اب ضروری ہے کہ یہ سگریٹ نہ پیئے ❁ بیٹا بُرے دوستوں کے پاس بیٹھتا ہے، ماں باپ کو تکلیف ہوتی ہے، اب ماں باپ کو منانے کے لئے ایسے دوستوں کو چھوڑ دینا ضروری ہو گا ❁ یونہی ایسے کام جو ماں باپ کی بے عزّتی کا سبب بنتے ہوں، مثلاً: محلّے سے بیٹے کی شکایتیں آنا، ایسے کاموں سے بچنا بھی ضروری ہے۔

حدیث شریف میں ہے: اللہ پاک کی رضا، والدین کی رضا میں اور اللہ پاک کی ناراضی، والدین کی ناراضی میں ہے۔[1]

## تیسرا حق: والدین کی خدمت کرنا

**وضاحت:** خِدمت کی مختلف صُورتیں ہوسکتی ہیں، مثلاً: ❁ انہیں اچھے اچھے کھانے کھلانا ❁ ہاتھ پاؤں دبانا ❁ سَر میں تیل لگانا، مالش کر دینا تاکہ انہیں سکون ملے ❁ ان کی ضروریات کا خیال رکھنا ❁ پسند کی چیزیں حاضِر کرنا ❁ کپڑے جوتی وغیرہ چیزیں خرید کر دیتے رہنا ❁ بیمار ہو جائیں تو دوا وغیرہ دِلوانا، ان کی صحت کے لئے دُعائیں کرنا ❁ ان کے پاس بیٹھنا، باتیں کرنا، انہیں وقت دینا ❁ ان کی مالی خِدمت کرنا وغیرہ سب خِدمت ہی کی صُورتیں ہیں۔ خصوصًا جب ماں باپ بوڑھے ہوجائیں، تب ان خِدمتوں کے زیادہ محتاج ہوتے ہیں۔ مسلم شریف میں ہے: پیارے آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے 3 بار فرمایا: وہ ذلیل وخوار ہے، وہ ذلیل وخوار ہے، وہ ذلیل وخوار ہے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم! کون ذلیل وخوار ہے؟ فرمایا: جو اپنے والدین یا ان میں سے کسی ایک کو بڑھاپے میں پائے اور (ان کی خدمت کرکے) جنت میں داخل نہ ہوسکے۔[2]

---

1 ... شعب الایمان: باب فی بر الوالدین، جلد:6، صفحہ:177، حدیث:7830۔

2 ... مسلم، کتاب البر والصلۃ والآداب، باب رغم انف من ادرک ابویہ... الخ، صفحہ:991، حدیث:2551۔

## دوہرائی

آج ہم نے والدین کے یہ 3 حقوق سیکھے ہیں، ذہن میں بٹھالیجئے : (1): اطاعت وفرمانبرداری (2): والدین کو راضی رکھنا (3): والدین کی خدمت کرنا۔

## سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

### کفر و فقر سے پناہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ

**ترجمہ:** اے اللہ میں کفر، محتاجی اور عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔[1]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیّتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ الْمُلْک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان واقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت

---

1 ... سنن نسائی، کتاب السھو، باب التعوذ فی دبر الصلاۃ، صفحہ: 231، حدیث: 1344۔

داڑھی ہے؟(28):گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29):سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟(30):مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تَہَجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34):اَوّابِین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36):12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38):جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللّٰہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْرَاف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟